


السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ذاکری کورس اپنے آخری مراحل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ابتدا میں ارادہ تھا کہ کورس تین ماہ کے دورانیہ پر مشتمل ہو گا، لیکن کچھ اہم موضوعات ایسے باقی رہ گئے تھے کہ اس میں چار ہفتے کے دروس کا اضافہ کیا جارہا ہے۔

امید ہے کہ آپ ذاکری کی تربیتی کلاسز سے مکمل استفادہ فرمارہے ہوں گے۔ دسویں ہفتے کے تین دروس آج بھیجے جارہے ہیں۔ ایک درس نسبتاً طویل ہے جسے قسطوں میں سنا جاسکتا ہے۔

امید ہے کہ آپ مختصر مدت کی مجلس اپنے انداز میں پڑھ کر ریکارڈ کر کے سن رہے ہوں گے اور ناقدانہ اپنا جائزہ لے رہے ہوں گے۔ دس منٹ کے دورانیہ پر مشتمل ایک مختصر مجلس کو ریکارڈ کر کے ہمیں بھیجنے کی تیاری رکھئے، کورس کے اختتام پر مدرسہ کی طرف سے اس سلسلے میں ہدایات بھیجی جائیں گی۔

اگر ممکن ہو تو اپنا تاثرات ہمیں بھیجتے رہا کریں تاکہ ہمیں اندازہ رہے کہ طالب علم ان دروس سے کس قدر استفادہ کر رہے ہیں۔

والسلام انتظامیہ مدرسۃ القائمؑ

# اس ہفتے کے دروس

## مثالی عزاداری کیسے منائیں؟

https://www.youtube.com/watch?v=gp1J8iO2Zow

https://vimeo.com/482592920

---

## مجلسِ عزا پڑھنے والے کی علمی اہلیت کا معیار کیا ہو؟

https://www.youtube.com/watch?v=dD5wdPQ-nZE

https://vimeo.com/482596473

---

## مجلسِ عزا میں اخلاصِ نیّت کی اہمیت

https://www.youtube.com/watch?v=9kRUIouWCVU

https://vimeo.com/482599103

## اس ہفتے کی پوسٹس کا حفظ

# دشمنوں سے حفاظت کے لئے
# ایک مجرّب ذکرِ خدا



آیت اللہ سیّد شہاب الدین مرعشی نجفیؒ
فرماتے تھے کہ

لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ ۔۔۔بہت بھاری ذِکر ہے۔

## دشمنوں سے حفاظت کے لئے
## اسکو ضرور پڑھنا چاہیئے۔

(بحوالہ کتاب: اذکار نافعہ، ج ۱، ص ۲۴)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

منہاج الصالحین
آیت اللہ سیستانی
جلد 1۔ مسئلہ 723

# اگر کوئی نوافل کی قضا بھی نہ پڑھ سکے؟

اگر کوئی یومیہ نمازوں کے نافلہ نہ پڑھ سکے نہ قضا کر سکے تو مستحب ہے
کہ ہر دو رکعات کے بدلے
غریب مومن کو ایک مُد (یعنی 3 پاؤ آٹا یا دال یا چاول وغیرہ) دے
اور اگر اِس پر بھی قادر نہ ہو تو دن کی نمازوں کے لئے
ایک مُد اور رات کی نمازوں کے لئے بھی
ایک مُد کسی غریب مومن کو دے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


نجات دینے والی
اور رُسوا کرنے والی
صفات
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو خاموش رہا، اُس نے نجات پائی۔
جس نے خدا کے لئے تواضع اختیار کی، اللہ نے اُسے بلند کر دیا۔
اور جس نے تکبّر کیا، خدا نے اُسے رُسوا کیا۔
(ھدیۃ الشیعہ۔آیت اللہ علی مشکینی)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# بہشت میں آسانی سے پہنچانے والی تین عظیم خصوصیات

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جس شخص میں تین صفات پائی جائیں گی خداوند تعالیٰ اُس کا حساب بھی آسان کر دے گا اور اپنی رحمت سے اُسے بہشت میں بھیج دے گا۔

لوگوں نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! وہ کون سی صفات ہیں؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: 1۔ جو تمہیں محروم کرے تم اُسے عطا کرو۔


2۔ جو تم سے قطع رحمی کرے تم اُس سے صلہ رحمی کرو۔

3۔ اور جو تم پر ظلم کرے اُسے معاف کر دو۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(نوادر الحکم۔ جلد5۔ صفحہ537/ میزان حکمت۔ جلد2۔ صفحہ659)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت آیت اللہ العظمیٰ بہجت
قرآن و عترت
کو نہ چھوڑنے کا مفہوم
آیت اللہ تقی بہجتؒ فرماتے تھے کہ
آپ کے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے
ہاتھ میں عترت (کا دامن) ہونا چاہیے۔
عترت کے معارف 'نہج البلاغہ' جیسی کتاب میں،
عترت کے اعمال 'صحیفہ سجادیہؑ' جیسی کتاب میں،
عترت کے اعمالِ تکلیفیہ "توضیح المسائل"
جیسی کتابوں میں ہیں۔۔
حضرت آیت اللہ العظمیٰ بہجت قدس سرہ
کتاب پردہ نشین
شرح کلمات عرفانی اخلاقی آیت اللہ بہجت
تالیف۔۔۔ حجۃ الاسلام محمد لک علی آبادی
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

## بُرا دوست... برائیوں کی طرف کھینچ کر لے جاتا ہے

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

# برائیوں کا مجموعہ بُرے ساتھی کا قُرب اختیار کرنا ہے۔

(غرر الحکم/میزان حکمت۔ جلد5۔صفحہ89)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

00923332136992

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# آپکی قدر و قیمت
# آپکے علم و ادب کے مطابق ہے

حضرت امیر المومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا

اے مومن! یہ علم و ادب تمہاری جان کی قیمت ہیں
لٰہذا اِن کے حصول کے لئے کوشش کرو
کیونکہ تمہارے علم و ادب میں
جس قدر اضافہ ہوتا جائے گا
اُتنا ہی تمہاری قدر و قیمت میں اضافہ ہو گا۔

(منتخب میزان الحکمت۔جلداوّل۔صفحہ44۔حدیث114)

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


جتنی فحاشی...اُتنی شرحِ اموات
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
فحاشی جب کھلے عام ہو جاتی ہے
تو اموات بڑھ جاتی ہے۔
(گناہانِ کبیرہ۔ شہید دستغیب شیرازیؒ ۔جلد3۔صفحہ 268)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# غیرت ایمان سے جدا نہیں

امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا:

جب اللہ تعالیٰ نے جنّت کو پیدا کیا اور اُس میں محلّات اور درخت پیدا کئے تو اُن سے فرمایا کہ: کلام کرو۔

جنّت نے کہا: قد افلح المومنون (یقیناً صاحبانِ ایمان کامیاب ہو گئے)

(سورۂ مومنون: آیت 1)

اُس وقت اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:

مجھے اپنی عزّت و جلال کی قسم!
بے غیرت جنّت میں داخل نہیں ہو گا۔

باقر العلوم علیہ السلام

**محرّماتِ اسلام**
محمد حسینی بہارانچی۔ صفحہ 336

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# گھر کی بربادی کے اعمال

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

چار چیزیں ایسی ہیں کہ جن میں سے
ایک بھی اگر کسی گھر میں داخل ہو جائے تو اُسے برباد کر دیتی ہیں
اور گھر سے برکت اُٹھ جاتی ہے:



خیانت ، چوری
شراب خوری
اور زِنا۔

(منتخب میزان الحکمت۔ جلداوّل۔ صفحہ120)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ایمان کا اعلیٰ اور ادنیٰ ترین درجہ

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

ایمان کے ستّر سے زیادہ شعبے ہیں
جن میں سے افضل ترین لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا ہے
جبکہ ادنیٰ شعبہ
راہ سے تکلیف دہ چیزوں کو ہٹانا ہے۔

حیا بھی ایمان کا شعبہ ہے۔




(منتخب میزان الحکمت۔جلد اوّل۔صفحہ 101)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مخلوقِ خدا سے محبّت کریں
# تاکہ آپ سے بھی محبّت کی جائے

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

سب سے اچھا مومن وہ ہے
جو دوسرے مومنین کی اُلفت کا مرکز ہو
اُس شخص میں کوئی اچھائی نہیں
جو نہ تو خود کسی سے اُلفت کرتا ہو
اور نہ کوئی دوسرا اُس سے۔

(منتخب میزان الحکمت۔ جلد اوّل۔ صفحہ 57)

محمد

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# نوافل و مستحب نمازوں میں کمی بیشی

نوافل اور مستحب نمازوں میں
کمی بیشی کے مسائل میں
سجدۂ سہو ادا کرنا
یا نمازِ احتیاط پڑھنے کا حکم نہیں ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# نوافل و مستحب نمازوں کی بیٹھ کر ادائیگی

نوافل و مستحب نمازیں
حالتِ اختیار میں بھی بیٹھ کر پڑھی جاسکتی ہیں
اور یہ بھی ضروری نہیں ہے
کہ دو رکعتوں کو
ایک رکعت سمجھا جائے۔

توضیح المسائل
آیت اللہ سیستانی
مسئلہ 754

www.facebook.com/madrasatulqaaim 00923332136992
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.) مدرسۃ القائم

قیامت کے روز
آپکا نامۂ اعمال
آپکے خلاف
گواہ
بن جائے گا

اللہ تعالی سورۂ اسراء کی آیات 13 اور 14 میں ارشاد فرماتا ہے کہ

وَكُلَّ إِنسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ
وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنشُورًا ﴿13﴾
اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا ﴿14﴾

اور ہم نے ہر انسان کے نامۂ اعمال کو
اُس کی گردن میں آویزاں کر دیا ہے
اور روزِ قیامت اُسے
ایک کُھلی ہوئی کتاب کی طرح پیش کر دیں گے
کہ اب اپنی کتاب کو پڑھ لو
آج تمہارے حساب کے لئے
یہی کتاب کافی ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim



سچّے بزنس مین کی عظمت
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
سچ بولنے والا تاجر
قیامت کے دن
عرش کے
سائے کے نیچے ہوگا۔
(منتخب میزان الحکمت۔ جلد اوّل۔ صفحہ 146۔ حدیث 960)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# صحابہؓ کرام کا قبرِ رسولؐ پر آکر رسولؐ اللہ سے توسّل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

علاّمہ بیہقی نقل کرتے ہیں کہ

ایک مرتبہ خلیفۂ دوم کی خلافت کے زمانہ میں قحط پڑا صحابیٔ رسولؐ حضرت بلال حبشیؓ چند اصحابِؓ کرام کے ساتھ پیغمبرؐ اکرم کی قبرِ مبارک پر آئے اور اِس طرح عرض کی:

يَا رَسُولَ اللهِ استسق لأُمّتک۔۔۔ فَإِنَّهُم قد هَلَكُوا

یا رسول اللہ! اپنی اُمت کے لئے باران رحمت طلب فرمائیے کیونکہ آپ کی اُمت ہلاک ہوا چاہتی ہے۔

التوصل إلى حقيقة التوسل المشروع والممنوع
المؤلف: محمد نسيب الرفاعي، صفحه 353

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)
مدرسۃ القائم
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
عورت کے ساتھ نکاح تین چیزوں کی خاطر کیا جاتا ہے
۱ اُسکے دین کی خاطر
۲ اُسکے حُسن کی خاطر
۳ اُسکے مال کی خاطر
تم دیندار عورت کو اختیار کرنا
(کتاب: نہج الفصاحہ)
علی فاطمہ
اللہ تعالی فرماتا ہے: اے محمد ﷺ!
اگر میں علی علیہ السلام کو پیدا نہ کرتا تو آدم علیہ السلام سے لے کر اس کے بعد آنے والوں
تک تیری بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیہا کیلئے روئے زمین پر کوئی ہمسر نہ ہوتا۔۔
(بحارالانوار جلد ۴۳ ص ۹۳ باب ۵)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# احمقوں کی جنّت

حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السّلام نے فرمایا

عمل کے بغیر جنّت کی تمنّا کرنا حماقت ہے۔

جنّت ہر احسان کرنے والے مومن کی جزا ہے۔

ہدایۃ العلم و غرر الحکم
جلد اوّل۔ صفحہ 122، 123

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

# ظالم حاکم اور غالی کو شفاعت نصیب نہ ہوگی




حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

دو اشخاص کو میری شفاعت نصیب نہیں ہوگی:

1۔ وہ صاحبِ اقتدار شخص جو ظالم، جابر اور غاصب ہو

2۔ دین میں غلو کرکے دین سے نکلنے والا شخص

(هدية الشيعه۔ آیت اللہ مشکینی۔ ص75)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# کیا آخرت کو دنیا پر قربان کرنے کا ارادہ ہے؟

## اللہ تعالی سورۂ اسراء کی آیات 18 اور 19 میں ارشاد فرماتا ہے کہ

مَّن كَانَ يُرِيدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهُ فِيهَا مَا نَشَاءُ لِمَن نُّرِيدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهُ جَهَنَّمَ يَصْلَاهَا
مَذْمُومًا مَّدْحُورًا ﴿18﴾ وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ وَسَعَىٰ لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ
مُؤْمِنٌ فَأُولَـٰئِكَ كَانَ سَعْيُهُم مَّشْكُورًا ﴿19﴾

جو شخص بھی دنیا کا طلب گار ہے
ہم اُس کے لئے جلد ہی جو چاہتے ہیں دے دیتے ہیں
پھر اُس کے بعد اُس کے لئے جہنّم ہے
جس میں وہ ذلّت و رسوائی کے ساتھ داخل ہو گا
اور جو شخص آخرت کا چاہنے والا ہے
اور اس کے لئے ویسی ہی سعی بھی کرتا ہے
اور صاحب ایمان بھی ہے
تو اُس کی کوششیں یقینا مقبول قرار دی جائے گی۔


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

# رسولِ خدا کے بعد فضیلت میں کوئی بھی حضرت علیؑ کا ہم پلّہ نہیں ہے... امام احمد ابن حنبل کا نظریہ

أبا الحسن أحمد بن القاسم بن الريان قال: سمعت عبد الله بن أحمد بن حنبل يقول: حدث أبي بحديث سفينة فقلت: يا أبة ما تقول في التفضيل؟ قال: في الخلافة أبو بكر و عمر و عثمان. فقلت: فعلي بن أبي طالب؟ قال: يا بني علي بن أبي طالب من أهل بيتٍ لا يقاس بهم أحد.

## احمد ابن القاسم ابن الریان کہتا ہے کہ:

میں نے عبد اللہ ابن احمد ابن حنبل سے سنا ہے کہ میرے والد امام احمد ابن حنبل نے حدیثِ سفینہ کو ذکر کیا،




جب میں نے اپنے والد احمد ابن حنبل سے صحابہؓ کی فضیلت کے بارے میں سوال کیا تو اُس نے کہا: ابو بکر، عمر اور عثمان،

میں نے کہا: پھر علی ابن ابی طالب کہاں ہیں؟

میرے والد نے کہا:

علیؑ، رسولِ خدا کے اہلِ بیتؑ میں سے ہیں اور کسی کو اُن کے ساتھ نہیں ملایا جا سکتا۔

ابن الجوزي، أبو الفرج عبد الرحمن بن علي بن محمد بن علي (متوفي 597هـ)، مناقب الإمام أحمد ج1 ص219، تحقيق: د. عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار النشر: دار هجر، الطبعة: الثانية، 1409هـ


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# اگر غیبت، معیّن اور مشخّص نہ ہو تو؟





مسئلہ 2268: جس کی غیبت کی جا رہی ہے
اس کا معیّن ہونا لازم ہے پس اگر کوئی کہے کہ
اہل شہر میں سے کوئی ایک شخص بزدل ہے
یا فلاں کے بیٹوں میں سے ایک بزدل ہے
اور معلوم نہ ہو کہ کون مراد ہے تو غیبت نہیں ہے
لیکن کبھی ممکن ہے دوسری جہت سے جیسے مومن کی
توہین و تحقیر اور اس کو سرزنش و ملامت کرنے
اس کا مذاق اڑانے کے لحاظ سے ہو تو حرام ہے۔

بحوالہ توضیح المسائل جامع آیت اللہ سیّد علی سیستانی
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4477

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اہلِ بیتؑ رسولؐ
# اللہ اور مخلوقات کے درمیان وسیلہ و واسطہ ہیں

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے
کہ ہم (اہل بیت علیہم السلام) تمہارے
اور اللہ کے درمیان سبب (وسیلہ / واسطہ) ہیں۔
مناقب ابن شہر آشوب 3\504

---

کہاں ہے اللہ کا وہ دروازہ جہاں سے عطا کیا جاتا ہے
کہاں ہے اللہ کا وہ چہرہ کہ جس طرف اولیائے خدا
رُخ کرتے ہیں (متوجّہ ہوتے ہیں)
کہاں ہے وہ سبب جو زمین اور آسمانوں کے درمیان متّصل ہے؟ (دعائے ندبہ)

عن الصادق عليه الصلاة والسلام : نحن السبب بينكم وبين اللّٰه
(مناقب ابن شهرآشوب 3\504)
اَيْنَ بابُ الله الَّذى منْهُ يُؤْتى ، اَيْنَ وَجْهُ الله الَّذى اِلَيْهِ يَتَوَجَّهُ الاَوْلِياءُ،
اَيْنَ السَّبَبُ الْمُتَّصِلُ بَيْنَ الاَرْضِ وَ السَّماءِ . دعاء الندبة .

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

بڑی دولت

حضرت امیرالمومنین
امام علی علیہ السلام نے فرمایا

## دنیا سے بے تعلّقی بڑی دولت ہے۔

(نہج البلاغہ)

---

## خواہشوں سے باز رہنا اور دنیا کی لذّتوں سے پرہیز کرنا ہی نفس کی دوا ہے۔

(ہدایۃ العلم وغرر الحکم۔ حصّہ دوم۔ صفحہ 342)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# دین کا نقصان اس قدر اہمیت رکھتا ہے
# کہ غِیبت بھی جائز ہو جاتی ہے

# غیبت



غِیبت اس موقع پر بھی جائز ہے جہاں پر غِیبت کئے جانے والے شخص کا عمل ایسا ہو کہ دین کو نقصان پہنچانے کا خوف پایا جاتا ہو تو اس صورت میں دین کو نقصان پہنچنے سے روکنے کیلئے اس کی غِیبت جائز ہے لیکن ضروری ہے کہ صرف دینی ضرر کے برطرف کرنے کی مقدار پر اکتفا کیا جائے۔

بحوالہ توضیح المسائل جامع آیت اللہ سیّد علی سیستانی

https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4477

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# امامِ معصومؑ
# رسولؐ اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے
کہ محمد بن علی جو محمد حنفیہ کے نام سے معروف ہیں
انہوں نے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا:
آپ امام ہیں اور آپ میرے لئے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچنے کا وسیلہ ہے۔

عن الإمام الصادق عليه السلام ، قال إلى ان قال:
قول محمد بن علي الحنفية للحسن
المجتبى عليه السلام : أنت إمام وأنت وسيلتي
إلى محمد صلى الله عليه وآله . . .الخ

(شرح أصول الكافي - مولي محمد صالح المازندراني
ج 6 - الصفحة 160)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# رضائے الٰہی معصومینؑ کے وسیلے سے حاصل کی جا سکتی ہے

رسول ﷺ کی ایک حدیث میں آیا ہے

کہ آپ ﷺ نے فرمایا:

**ہم اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں**

**اور رضائے الٰہی ہمارے سبب سے ہی**

**حاصل کی جا سکتیں ہیں۔**

وفي حديث عن

رسول الله صلى الله عليه وآله ، قال :

نحن الوسيلة إلى الله

والوصلة إلى رضوان الله . .

(الكافي/باب الأشارة والنص إلى الحسين عليه السلام)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# روزِ جمعہ کی برکات


حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

جمعہ کا خاص احترام اور حق ہے
اس حق کو ضائع نہ کرو
اس دن کی عبادت میں کوتاہی نہ کرو
اچھے اعمال سے خدا کا قرب حاصل کرو
اور تمام محرمات کو ترک کرو
کیونکہ خدا تعالیٰ اس روز
اطاعت کا ثواب بڑھا دیتا ہے
گناہوں کی سزا ختم کر دیتا ہے
اور دنیا و آخرت میں
مومنین کے درجات بلند کرتا ہے۔

(مفاتیح الجنان...چوتھی فصل
جمعرات وجمعہ کے فضائل واعمال)


www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



شبِ جمعہ اور روزِ جمعہ کی برکات
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
شبِ جمعہ و جمعہ کی چوبیس ساعتیں ہیں
اور ہر ایک ساعت میں
خداوندِ عالم چھ لاکھ انسانوں کو جہنّم سے آزاد کرتا ہے۔
(مفاتیح الجنان... چوتھی فصل... جمعرات و جمعہ کے فضائل و اعمال)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


شبِ جمعہ کیسے گزاریں؟
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
روزِ جمعہ کی طرح شبِ جمعہ کی بھی
بہت فضیلت ہے اور ممکن ہو تو شبِ جمعہ
صبح تک دعا و نماز میں گزارو۔
(مفاتیح الجنان...چوتھی فصل...جمعرات وجمعہ کے فضائل واعمال)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


شبِ جمعہ میں اللہ مومنین کی عزّت بڑھاتا ہے
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
شبِ جمعہ میں خدا مومنین کی عزّت بڑھانے کیلئے
ملائکہ کو پہلے آسمان پر بھیجتا ہے تاکہ وہ انکی نیکیوں میں اضافہ کریں
اور ان کے گناہ مٹا ڈالیں
اسکی وجہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ رحیم و کریم ہے
اور اسکی عنایتیں اور عطائیں وسیع ہیں۔
(مفاتیح الجنان...چوتھی فصل...جمعرات و جمعہ کے فضائل و اعمال)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شبِ جمعہ میں جانوروں کی دعا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

شبِ جمعہ میں مچھلیاں سر پانی سے باہر نکالتی ہیں
اور صحرائی جانور اپنی گردنیں بلند کر کے بارگاہِ الٰہی میں
عرض کرتے ہیں کہ اے پروردگارا!
انسانوں کے گناہوں کے باعث ہم پر عذاب نہ کرنا۔

(مفاتیح الجنان... چوتھی فصل... جمعرات و جمعہ کے فضائل و اعمال)




# مولا علیؑ..... رسولؐ اللہ
# اور اُن کی امّت کے درمیان وسیلہ

جاثلیق والی روایت میں آیا ہے
کہ امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا:
میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور ان کی اُمّت کے درمیان وسیلہ ہوں۔

في خبر الجاثليق،
قال أمير المؤمنين عليه السلام:
أنا وسيلته بينه وبين أمته۔
(مستدرک سفينة البحار 10\302)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



یتیموں کا خیال
ضرور رکھیں!
حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا
خدا نے یتیموں کے ساتھ
نیکی کی ترغیب دی ہے
کیونکہ وہ اپنے باپ کے
سائے سے محروم ہوتے ہیں
پس جو کوئی یتیموں کے حفاظت کرتا ہے
خدا اس کی حفاظت فرماتا ہے۔
(بحارالانوار۔ جلد72۔ صفحہ12)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim